# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ تاریخ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 08-01-2026 | مشق نمبر1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-02-2026 | مشق نمبر2 | 20-02-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: تاریخ برصغیر (321) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: انٹرمیڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر1

**(یونٹ 1تا5)**

سوال نمبر1۔ (الف)مختصر جواب دیں۔ (20)

1- گندھارا کس وجہ سے مشہور ہے؟

2- غوری عہد میں لکشمن سین کو کس نے شکست دی تھی؟

3- ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق برہما کے پاؤں سے کونسی ذات پیدا ہوتی ہے؟

4- حضرت عمرؓ نے بحرین میں کس کو حاکم مقرر کیا تھا؟

5- حجاج بن یوسف نے 710 میں کس کو سندھ پر پہلا حملہ کرنے کا حکم دیا تھا؟

6- راجا داہر کے بھائی کا کیا نام تھا؟

7- سکندر لودھی کا اصلی نام کیا تھا؟

8- امیر تیمور کے پوتے کا کیا نام تھا؟

9- محمد بن قاسم کے پاس سندھ پر حملہ کرتے وقت کتنا جنگی ساز و سامان موجود تھا؟

10- دو کوہانوں والے اونٹ کو کیا کہتے ہیں؟

(ب) درج ذیل سوالات کے تفصیلاً جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر2۔ برصغیر پر حملہ سے قبل ہندوؤں کی مذہبی اور سماجی حالت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔غوری دور حکومت کے اہم کارناموں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔سومنات کی فتح کے سیاسی، مذہبی علمی اور سماجی اثرات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔خلافت سلطنت اور بادشاہت میں فرق کی وضاحت کرتے ہوئے سلطنت دہلی کی سیاسی تاریخ پر روشنی ڈالیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ 6تا10)**

سوال نمبر1-(الف)مختصر جواب دیں۔ (20)

1- سلطان محمد تغلق کے دربار میں کتنے طبیب تھے؟

2- فیروز شاہ تغلق کے عہد میں کتنے غلام تھے؟

3- سلطان التمش سے خیوا کے کس حکمران نے پناہ کی درخواست کی تھی؟
4- ملک التوفیہ نے کس سلطان کے خلاف بغاوت کی تھی؟
5- کون سا حکمران قرآن پاک کا نسخہ اپنے ہاتھ سے لکھ کر بیچا کرتا تھا؟
6- الغ خان کس سلطان کا خطاب تھا؟
7- بلبن کا نظریہ حکومت کیا تھا؟
8- خاندان غلاماں کا اصل حکمران کس کو کہا جاتا ہے؟
9- بلبن کی وفات کب ہوئی؟
10- سلطنت دہلی کا تخت سنبھالتے وقت جلال الدین خلجی کی کیا عمر تھی؟

(ب) درج ذیل سوالات کے تفصیلاً جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر 2۔ سلطان قطب الدین ایک کے دور حکومت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ خلجی خاندان کے دور حکومت کے اہم کارناموں کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ ''سلطان محمد تغلق بہت بڑا عالم اور شائستہ انسان تھا وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10+10)

1- فیروز تغلق 2- ظہیر الدین بابر

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 3

**(یونٹ 11 تا 14)**

سوال نمبر 1 - (الف) مختصر جواب دیں۔ (20)

1- 1540 میں ہمایوں نے کس سے شکست کھائی تھی؟
2- 1495 میں کس عالم نے امام مہدی ہونے کا دعوی کیا تھا؟
3- سید محمد جون پوری کو کب قتل کیا گیا تھا؟
4- خیر البیان کس کی تصنیف ہے؟
5- شیخ عبد القادر ثانی کے پوتے کا کیا نام تھا؟
6- مغل شہزادے دارا کا تعلق کس فرقے سے تھا؟
7- اکبری الحاد سے کیا مراد ہے؟
8- حاکم لاہور قلیج خان نے اکبر کے دور میں کیا اہم کارنامہ سرانجام دیا تھا؟
9- حضرت مجدد الف ثانی کا شجرہ نسب کس سے ملتا ہے؟

10- حضرت خواجہ باقی باللہ کا تعلق کس سلسلے سے فرقہ سے تھا؟

(ب) درج ذیل سوالات کے تفصیلاً جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر2- مجددی تحریک کو احیائے شریعت کی تحریک کیوں کہا جاتا ہے؟ تنقیدی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- مغل بادشاہ اکبر کے دورِ حکومت کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4- مغلیہ دورِ حکومت کے زوال کے اسباب تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10+10)

1- مغلیہ فنِ تعمیر 2- مغل بادشاہوں کی تعلیمی خدمات

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 4

**(یونٹ 15 تا 18)**

سوال نمبر1 -(الف) مختصر جواب دیں۔ (20)

1- پرتگالی شہزادہ ہنری کب پیدا ہوا؟

2- سرسید کے دور میں دہلی میں قائم ہونے والے شعبہ اردو کے پہلے سیکرٹری کون تھے؟

3- دارالعلوم علی گڑھ کا امتیازی نشان کیا تھا؟

4- رسالہ تہذیب الاخلاق کب جاری کیا گیا؟

5- 1880 میں لیفٹیننٹ گورنر بنگال کون تھا؟

6- راجا رام موہن رائے کون تھا؟

7- پرتگال کو ہسپانیہ میں کب شامل کیا گیا؟

8- بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟

9- انڈین نیشنل کانگریس کب بنی؟

10- انجمن جماعت اسلام کی بنیاد کب رکھی گئی؟

(ب) درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر2 سرسید کی تعلیمات کے مسلمانوں پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 پاکستان میں شامل موجودہ علاقوں کے سیاسی حالات کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔1857ء کی جنگ آزادی میں سندھ اور بلوچستان کے کردار کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ درج ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

1- کرناٹک کی جنگیں 2- جنگ آزادی کی ناکامی کی وجوہات